## 8802 ـ ملازمت تلاش کرنے والوں کے حالات دریافت کرنا

### سوال

میں ایك ذمہ دار کے آفس میں ملازم ہوں، یہ افسر بعض اوقات مجھے ان اشخاص کے متعلق پوچھتا ہے جو اس کے آفس میں ملازمت کے لیے آتے ہیں، یا جو اشخاص اس ادارہ میں ملازم ہیں ان کے اخلاق، اور صلاحیتوں اور مہارت کے متعلق دریافت کرتا رہتا ہے، تو کیا میرے لیے یہ کام کرنا جائز ہے، فتوی دیکر عند اللہ ماجور ہوں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

آپ سچائی اور صدق کو سامنے رکھ کر اور جھوٹ و کذب بیانی اور دھوکہ سے بچتے ہوئے یہ کام کر سکتے ہیں؛ کیونکہ صدق و سچائی اور اخلاص کے ساتھ اس کام کو نیکی و بھلائی اور تقوی و پرہیزگاری میں تعاون شمار کیا جائے گا، اور یہ نصیحت کے باب میں سے ہے، اللہ تعالی سب کو توفیق عطا فرمائے .